کیا وجہ ہے کہ ہم نماز میں بھی اور نماز کے بعد بھی دعا مانگتے ہیں؟

مجیب: ابو احمد محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1187

تاریخ اجراء: 24 ربیع الاول 1444ھ / 21 اکتوبر 2022ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرا سوال یہ ہے کہ ہم نمازوں کے دوران بھی دعا مانگتے ہیں پھر جب نماز مکمل کر لیتے ہیں اس کے بعد بھی دعا مانگتے ہیں اس کی وضاحت کر دیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

سب سے پہلے تو یہ یاد رہے کہ اللہ عزوجل نے قرآن کریم میں مطلقا دعا مانگنے کا حکم ارشاد فرمایا ہے کہ مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اس میں نہ تو وقت کی کوئی قید نہیں ہے اور نہ ہی تعداد بیان ہوئی ہے کہ دن میں اتنی بار ہی دعا مانگی جائے، بلکہ کثرت سے اور بار بار دعا مانگنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے کہ نہ جانے کون سی گھڑی مقبولیت کی ہو۔لہذا جتنی بار چاہیں، جس وقت چاہیں دعا مانگ سکتے ہیں اور بار بار مانگ سکتے ہیں۔ جامع الترمذی میں ہے

"لیکثر الدعاء" ترجمہ: چاہیے کہ کثرت سے دعا کرے۔(سنن الترمذی، أبواب الدعوات، ج05، ص462، مطبوعه: مصر)

اور فرض نمازوں کے بعد دعا مانگنا تو سنت سے ثابت ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اس کی تعلیم ارشاد فرمائی ہے چنانچہ حدیثِ مبارکہ میں ہے: حضرت ابو اُمامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:" قيل يا رسول الله: أي الدعاء أسمع؟ قال جوف الليل الآخر، ودبر الصلوات المكتوبات" ترجمہ: عرض کیا گیا یا رسول اللہ کون سی دعا زیادہ سنی جاتی ہے؟ فرمایا آخری رات کے بیچ میں اور فرض نمازوں کے بعد۔

نوٹ: اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد امام ترمذی نے فرمایا:" هذا حديث حسن" یعنی یہ حدیث "حسن" کا درجہ رکھتی ہے۔(سنن الترمذی، أبواب الدعوات، ج05، ص526، مطبوعه: مصر)

مسلم شریف میں ہے:"کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، إذا انصرف من صلاتہ استغفر ثلاثا وقال: «اللھم أنت السلام ومنک السلام، تبارکت ذا الجلال والإکرام»"ترجمہ: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے فارغ ہوتے تو تین بار استغفار فرماتے اور یہ دُعا کرتے "اللھم أنت السلام ومنک السلام، تبارکت ذا الجلال والإکرام"یعنی اے اللہ تو سلام ہے اور تیری طرف سے سلام ہے، تو برکت والا ہے، اے عظمت اور بزرگی والے۔ (صحیح مسلم، باب استحباب الذکر بعد الصلوۃ، ج1، ص414، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net